کوئی دس بجے شب یہ محفل کامیابی کے ساتھ اختتام کو پہنچی۔ پھر چائے کا دور چلا۔ "افرو ایشین" (AFRO - ASIAN) والے ایوب قریشی صاحب نے سامعین کی خاطر تواضع کیلئے لڈو اور پکوڑے کا بھی اہتمام کیا تھا۔ بڑے سلیقے اور تنظیم کے ساتھ مہمانوں کی خاطر داری کی گئی۔ تقریباً سو سوا سو کے لگ بھگ خواتین و حضرات نے اس محفل میں شرکت کی اور سبھی کا خیال تھا کہ آئندہ بھی ذوق کی تسکین کا ایسا اہتمام ہوتا رہنا چاہیے۔ اس مشاعرے کی کامیابی نے منتظمین کی بڑی ہمت افزائی کی ہے۔ اسلئے مستقبل کے بارے میں نیک توقعات باندھنا بےجا نہ ہوگا ع

اللہ کرے جوشِ جنوں اور زیادہ

Let us introduce you to new

LOWEST & THE MOST ECONOMICAL FARES,

FLY HOME TO PAKISTAN (any where) FROM NEW YORK FOR $499.00 (Return)

PT

Pleasure travels

418 A Parliament St Toronto 5 Call: 922-4128/9

حلقۂ اربابِ ذوق کی ایک شام

از [illegible]

حلقۂ اربابِ ذوق [illegible] ماہانہ [illegible] ہال میں ایک اور حسین شام منعقد ہوئی۔ کئی مہینوں کے انتظار کے بعد اربابِ ذوق کی تشنگی مٹانے کا یہ موقع ہاتھ آیا تھا۔ چنانچہ [illegible] پروگرام [illegible] اہل ذوق بڑی بےتابی سے [illegible] شام [illegible] ساڑھے چھ بجے کا وقت دیا گیا تھا۔ گویا [illegible] ڈالی تھی۔ چنانچہ ہم اپنے اشتیاق کے مارے ٹھیک وقت پر پہنچ گئے ہیں۔ لیکن ہال تو خالی تھا۔ خیر کچھ دیر منتظمین سے گپ شپ کی۔ ماحول میں گونجتی ہوئی کسی شاعر کی ٹیپ جو کہ اس وقت بج رہی تھی۔ آنے والی خوشی کے لئے تیار کر رہی تھی۔

کوئی سوا سات بجے جلسے کی کاروائی کا آغاز ہوا۔ سب سے پہلے شفیق اویسی نے تلاوت کلام پاک کی پھر معتمد جلسہ ملک محی الدین نے محمد حفظ الکبیر قریشی صاحب سے درخواست کی کہ وہ کرسیٔ صدارت سنبھالیں۔ کبیر قریشی صاحب ٹورانٹو کے ادبی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ مشہور ہم یہ نہیں شعر گوئی ہیں۔ ظاہر ہے ایک مشاعرے کی صدارت کیلئے اُن سے موزوں اور کیا بات ہو سکتی تھی لیکن کبیر قریشی صاحب نے پروفیسر عزیز احمد صاحب پر نظر ڈالتے ہوئے کہا کہ عزیز احمد صاحب کو اس جلسے میں موجود رکھتے ہوئے اس جلسے کی صدارت کرنا ایک بڑی گستاخی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ پروفیسر صاحب صدارت کے لئے آمادہ نہیں۔ اسلئے وہ اس ذمہ داری کو قبول کرنے پر مجبور ہیں۔

کرسیٔ صدارت سنبھالنے کے بعد کبیر قریشی نے ایک چھوٹی سی تقریر کی۔ جس میں چند اہم باتوں پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ اردو زبان کو تاج محل پر چھٹکی ہوئی چاندنی سے تعبیر کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ کینیڈا میں ہم نے اپنی مادی خوش حالی کا انتظام تو کر لیا ہے لیکن ہمیں اپنی تہذیبی زندگی پر بھی توجہ دینا چاہیے۔ موصوف نے یہ کہا کہ اگر ایسے ادبی جلسے یہاں گاہے گاہے منعقد ہوتے رہیں تو ہمارا تعلق اپنے تہذیبی ورثے سے باقی رہے گا۔ ورنہ ہماری زبان اور ہماری تہذیب رفتہ رفتہ خواب ہو کر رہ جائے گی۔ اس کا کہنا تھا اور اجنبی ماحول میں چند اربابِ ذوق کا اکٹھا ہو [illegible] زبان اور [illegible] کی یادوں کو تازہ کرنا واقعی بڑی بات ہے اور ایک خدمت ہے [illegible] نسل کیلئے جو یہاں [illegible] رہی ہے اور جلنے والے اپنا تہذیبی سرمایہ ان تک پہنچانا چاہتے ہیں۔

صاحبِ صدر کی تقریر کے بعد مشاعرہ شروع ہوا۔ سب سے پہلے ڈاکٹر [illegible] کے نام کا اعلان ہوا۔

ڈاکٹر صاحب نے [illegible] دل میرا پریشان رہتا ہے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مشرق میں ہوں یا مغرب میں

دل میرا پریشان رہتا ہے

یہ نظم ہمارے ذاتی تجربات اور احساسات کا آئینہ تھی۔ اس پر ڈاکٹر صاحب کا گمبیر لب و لہجہ۔ بے اختیار واہ واہ نکلتی رہی اور آغاز کے ساتھ ہی مشاعرے کا رنگ جم گیا۔

اب صدر جلسہ جناب کبیر قریشی کی باری تھی۔ انہوں نے جگر مراد آبادی کی غزل سے

پھول کھلے ہیں گلشن گلشن

لیکن اپنا اپنا دامن

کی زمین میں ایک مزاحیہ غزل پڑھی۔ شعر بڑے چٹ پٹے تھے۔ جس سے ماحول میں کچھ رنگینی آگئی۔ ایک شعر حسب حال تھا۔ ملاحظہ ہو ؎

سارے جہاں کا درد سنبھالے

بیٹھے ہیں شعرائے کینیڈین۔

قریشی صاحب کے بعد ٹورانٹو کے دوسرے شاعر جناب افضل امام تشریف لائے۔ انہوں نے اپنی پہلی غزل پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ یہ کیٹس کی (A THING OF BEAUTY.) سے متاثر ہو کر لکھی ہے۔ دو شعر ملاحظہ ہوں

میں فریب خوردۂ عقل ہوں میری بے لبی سے نہ کھیلئے

میری مفلسی میں وقار ہے میری مفلسی سے نہ کھیلئے۔

نہیں مجھکو حسرت خسروی میری جان ہے میری شاعری

میری شاعری میری زندگی۔ میری زندگی سے نہ کھیلئے۔

امام صاحب کا کلام اور ترنم سامعین کو اسقدر بھایا کہ فوری دوسری غزل کی فرمائش ہو گئی۔ چنانچہ امام صاحب نے دوسری غزل شروع کی۔ جس کا ایک شعر تھا:۔

میرے مائی کو اب تم نہ آواز دو۔ وہ حسیں دور اب ہو نہ آئیں گے دوست

ہیں وہ الہڑ ہیں پلکوں پہ رکھ لو جسے جب اشارہ کرو لوٹ جائیں گے

شعر پر واہ واہ کا شور بلند ہوتا رہا۔ امام صاحب داد و تحسین کا سرمایہ لوٹ کر واپس اپنی کرسی پر جا بیٹھے تو اعلان ہوا کہ محمد اصغر صاحب پنجابی "سیف الملوک" کا کچھ حصہ پیش کریں گے۔

سیف الملوک [illegible] سبھی اہل پنجاب کے دل موہ لیے [illegible] صاحب کا ٹھیٹ پنجابی ترنم [illegible] بھی [illegible] ہو [illegible]

اب [illegible] کی باری آئی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ حیدر آباد کے ایک شاعر امان کا کلام پیش کریں گے۔ جو کہ لطف ادبی کو انکی شادی کے موقع پر نذر کرنا چاہتے تھے لیکن کسی وجہ سے نہیں کر سکے۔ یہ سہرا نہیں بلکہ ایک خوبصورت سی غزل تھی۔ اس پر رشید صاحب کی آواز نے بلا کا اثر پیدا کر دیا تھا۔ ایک شعر ملاحظہ ہو ؎

آج انکی محفل میں ذکر ہمارا چھیڑ کے دیکھ

پلکیں گھونگھٹ کرتی ہیں آنکھ دلھن بن جاتی ہے۔

رشید صاحب کے بعد تفسیر بخاری صاحب کے نام کا اعلان ہوا۔ بخاری صاحب نے فیض کی ایک بڑی خوبصورت غزل ترنم کے ساتھ پیش کی جس کا ایک شعر تو اپنا جواب نہیں رکھتا:۔

اُدھر ایک حرف کہ کشتنی یہاں لاکھ عذر تھا گفتنی

جو کہا تو سن کے اڑا دیا جو لکھا تو پڑھ کے مٹا دیا۔

اس کے بعد معتمد جلسہ نے اعلان کیا کہ اب ٹورانٹو کے اکبر الہ آبادی تشریف لاتے ہیں۔ یہ تھے صدر جلسہ کبیر قریشی جنہیں مزاحیہ کلام پیش کرنے پر اکبر الہ آبادی کا نام دے دیا گیا۔ اس دفعہ قریشی صاحب نے ایک اور رنگین غزل پیش کی:۔

اس محفل شعر میں آئے ہیں سبھی لیکن

اس شوخ کے آنے سے محفل کی بہار آئی

قریشی صاحب کا کلام کسی شوخ کی آمد سے کم نہیں تھا۔ جس نے مشاعرہ کی فضا میں بہار ہی بہار بکھیر دی تھی۔

پھر انور سعید تشریف لائے۔ انہوں نے پاکستان کے ایک شاعر ساغر صدیقی کا تازہ شائع شدہ کلام پڑھا۔ جسکا عنوان تھا۔ "نین روپڑے" یہ نظم شہادت حسینؑ پر بڑے موثر انداز میں نظم بند کی گئی تھی۔ مہینہ محرم کا تھا۔ چنانچہ اس محفل میں اس شہید اعظم کو نذرِ عقیدت پیش کی گئی۔ جسکا کوئی ثانی نہیں۔

اس کے بعد مشاعرے کا دوسرا دور شروع ہوا۔ ڈاکٹر صاحب کو مزید سننے کے لیئے سامعین بےچین تھے۔ چنانچہ وہ تشریف لائے اور ایک نظم پیش کی جسکا عنوان تھا "وطن چھوڑنے سے پہلے" اس نظم میں بھی وہی بات تھی۔ جس کے بارے میں غالب نے کہا تھا۔

؎ میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے۔

یعنی وہی ہم جسکا تجربہ کر کس درد سے اپنا وطن چھوڑتے ہیں اور کتنی مایوسی ہوتی ہے۔ جب ہمیں کوئی وداع کرنے نہیں آتا۔

گیلری میں الوداع کہنے نہیں آیا کوئی

مڑ کے آخر کس لیئے تم دیکھتے ہو بار بار!

لاہور کی ڈائری

پاکستان کی فلمی صنعت کا موجودہ دور رنگیلا اور منور ظریف کا دور ہے۔ یہ دونوں فنکار اس وقت بجیسے کے ترین فلموں میں ہیرو کے روپ میں آ رہے ہیں۔ ایک اطلاع کے مطابق ان دونوں فنکاروں نے صرف مرکزی کرداروں کے لئے معاہدے کرنے شروع کر دیئے ہیں اب یہ اپنی فلموں کیلئے معاہدہ کرتے ہیں جن میں ان کے مرکزی کردار ہوں۔ اس وقت یہ دونوں مزاحیہ اداکار جن فلموں میں مرکزی کردار [illegible] ان میں رنگیلا کی رنگیلا، دیا گلی ہے، کبڑا عاشق، امانت، بے ایمان، رنگیلا اور منور ظریف، چراغ الہ دین، انسان اور گدھا، مس ہانگ کانگ، پنجابی فلم، بات پہنچی تیری جوانی تک [illegible] شامل ہیں۔

رنگیلا اور منور ظریف کے ہیرو بن جانے کی وجہ یہ ہے کہ فلمی صنعت میں مزاحیہ اداکاروں کی سخت قلت ہو گئی ہے جو فلم ساز ان فنکاروں کو صرف مزاحیہ کردار کے لئے [illegible] وہ ان کو حاصل نہیں کر پا رہے ہیں۔ [illegible] کی شوٹنگ محض اس وجہ سے معرض التواء میں پڑی ہوئی ہے [illegible] نہیں ملتے۔

رنگیلا اور منور ظریف کے علاوہ خلیفہ نذیر اور ننھا بھی مرکزی کرداروں میں آ رہے ہیں خلیفہ نذیر فلم [illegible] میں ہیرو ہیں اور ننھا فلم [illegible] میں مرکزی کردار کر رہے ہیں۔ مزاحیہ اداکاروں میں صرف لہری رہ گئے ہیں جو اب تک کسی فلم میں بطور ہیرو کاسٹ نہیں ہوئے۔ معلوم ہوا ہے [illegible]

[illegible] رنگیلا، منور ظریف، خلیفہ نذیر اور ننھا کی مصروفیات اور معاوضوں میں اضافہ کے بعد جونیئر مزاحیہ اداکاروں نے بھی اپنے معاوضے بڑھا دیئے ہیں۔

مزاحیہ اداکاروں کے مرکزی کرداروں پر مبنی فلموں کے بڑھتے ہوئے رجحان کی وجہ سے رومانٹک، سوشل، ایکشن اور دوسرے موضوعات کی حامل فلمیں بہت کم تعداد میں شروع ہو رہی ہیں گزشتہ چھ ماہ کے دوران لاہور کے مختلف اسٹوڈیوز میں جتنی فلمیں شروع ہوئی ہیں ان میں سے پچاس فیصد سے زائد فلمیں مزاحیہ ہیں اس صورت حال کی وجہ سے اس وقت فلمی صنعت کے صف اول کے ہیرو محمد علی، وحید مراد، ندیم، شاہد، اعجاز وغیرہ کے پاس رنگیلا اور منور ظریف کے برعکس بہت کم فلمیں ہیں۔

اب فلمی فنکار اگرچہ کرکٹ تو نہیں کھیلتے لیکن فلمی صنعت کا ایک مستقل [illegible] موجود ہے۔

شیبا اور جاوید [illegible]

موجودہ دور کے معروف ترین ہیرو رنگیلا اور منور ظریف
فلم "بات پہنچی تیری جوانی تک" کے ایک منظر میں۔

اداکارہ [illegible] دیبا [illegible]

کرکٹ فلم فنکاروں کا محبوب ترین کھیل ہے

کرکٹ ہمارے فلمی فنکاروں کا محبوب ترین کھیل ہے فلمی دنیا میں کرکٹ کی ابتدا اداکار سنتوش کمار اور درپن [illegible] تھی۔ ایک زمانہ تھا کہ فلمی صنعت کی کرکٹ ٹیم کا شمار ملک کی مضبوط ترین کرکٹ ٹیموں میں ہوتا تھا۔ اس دور میں فلمی فنکاروں کی کرکٹ ٹیم [illegible] کسی نہ کسی ٹیم سے ان کا میچ ہوا کرتا تھا۔

ملتان میں سلطان راہی کی رسم تاجپوشی

تحریر و تصاویر: ایم تعارف سلیم ملتانی

رسم تاجپوشی کے بعد منور ظریف سلطان راہی کو گلے لگا رہے ہیں

[illegible] آرٹس اکیڈمی ملتان کی جانب سے مشہور فلمی اداکار سلطان راہی کی تاجپوشی کی گئی اور فلم "بشیرا" کے تمام یونٹ کو ایوارڈ تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ملتان جناب عبدالحکیم نے کی۔ رسم تاجپوشی کی تقریب میں مقامی فنکاروں نے رقص اور نغمے بھی پیش کئے۔ مس پروین اور مس عارفہ نے رقص پیش کئے جبکہ اور ناہید اختر نے نغمے پیش کئے۔ آخر میں مشہور مزاحیہ اداکار منور ظریف نے فلمی گانے اور لطیفے سنائے۔ رقص اور نغمے کی تقریب کے بعد پیپلز آرٹس اکیڈمی ملتان کی نائب صدر وحیدہ بیگم نے سلطان راہی کے اعزاز میں سپاسنامہ پیش کیا۔ سپاسنامہ کے بعد مہمان خصوصی نے اداکار سلطان راہی کو طلائی تاج پہنایا۔ سلطان راہی نے سونے کا تاج پہن کر عوام کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے مزاحیہ اداکار منور ظریف، رنگیلا، اداکارہ صبیحہ چوہدری، ڈائریکٹر اسلم ڈار، مصنف عزیز میرٹھی اور موسیقار کمال احمد کو سونے کے تمغے پیش کئے گئے۔ یاد رہے کہ ملتان فلم اسکواڈ سرائیکی فلم "مالوجٹ" بھی جاری ہے جو تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کر رہی ہے۔

اداکار سلطان راہی کی رسم تاجپوشی کے موقع پر پیپلز آرٹس سوسائٹی ملتان کی نائب صدر وحیدہ بیگم سپاسنامہ پیش کر رہی ہیں (جنگ — فوٹو)

وحید مراد اور نشو کا تنازعہ طول پکڑ گیا!

نشو اور وحید مراد کے ایک دوسرے کے ساتھ کام نہ کرنے کی خبر پر فلمسازوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے فلمسازوں کا کہنا ہے کہ فلمی صنعت میں پہلے ہی اداکاروں کی سخت کمی ہے اور فلمسازوں کو ہیرو اور ہیروئن وغیرہ کے انتخاب کے لئے سخت مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے اداکاروں کو اس قسم کے فیصلے حالات کو مزید بگاڑ دیتے ہیں اور فلمسازوں کے لئے پریشانیوں کا باعث بنتے ہیں۔

فلمساز و ہدایتکار ایم اے رشید نے اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے نمائندہ جنگ کو بتایا کہ نشو کے اس فیصلے سے کہ وہ آئندہ سے وحید مراد کے ساتھ کام نہیں کریں گی میری نئی فلم شروع کرنے کا پروگرام بری طرح متاثر ہوا ہے ایم اے رشید نے بتایا کہ انہوں نے اپنی نئی فلم میں وحید مراد اور نشو کو کاسٹ کیا تھا جب میں نے نشو سے فلم میں کام کرنے کی بات چیت کی اس وقت وحید مراد بھی میرے ہمراہ تھے۔ نشو نے بہت خوشگوار ماحول میں ہم سے بات چیت کی اور فلم میں کام کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ اس بات چیت کے دوسرے دن جب میں فلم کے معاہدے پر دستخط کرانے اور ایڈوانس دینے پہنچا تو نشو کے ہمراہ ایک نوجوان تھے وہ کہنے لگے کہ اب نشو وحید مراد کے ساتھ کام نہیں کریں گی۔

میں نے ان سے چند سوالات کئے جن سے معلوم ہوا کہ وہ نشو کے ہونے والے شوہر ہیں اور نہیں چاہتے کہ نشو آئندہ سے وحید مراد کے ساتھ کام کریں۔ اس نوجوان کے ساتھ گفتگو کے دوران نشو خاموش رہیں آخر میں وہ بھی کہنے لگیں کہ میں اب وحید مراد کے ساتھ کام نہیں کروں گی۔

جب وحید مراد سے نشو اور ان کے منگیتر کے فیصلے کے بارے میں پوچھا گیا تو وہ کہنے لگے کہ ان کا یہ فیصلہ میری سمجھ سے باہر ہے نشو نے حال کی شوٹنگ کے دوران ہمیشہ میرے ساتھ تعاون کیا ہے لیکن نہ جانے ان کی زندگی میں اچانک کیا تبدیلی آگئی کہ [illegible] [illegible]

[illegible]

لبنان میں پاکستانی فلم کی مقبولیت

راولپنڈی — لبنان میں پاکستانی فلم زرقا نے زبردست خراج تحسین حاصل کیا۔ زرقا فلسطینی حریت پسندوں کی جدوجہد کی کہانی پر مبنی ہے۔ زرقا کی نمائش کے افتتاح کے موقع پر پاکستانی سفیر مسٹر الیس ایم قریشی کے ساتھ ساتھ پاکستانی برادری کے لوگوں اور لبنان کی ممتاز شخصیتوں اور تاجروں کی کثیر تعداد موجود تھی اور سینما ہال گنجائش سے زیادہ بھرا ہوا تھا۔ سینما ہال میں [illegible] پاکستان اور لبنان کے پرچموں اور جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا جب پاکستانی سفیر سینما ہال پہنچے تو ان کا پُرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ زرقا کے مکالمات اردو میں تھے مگر فلم کے ساتھ عربی زبان میں مکالمات کے سب ٹائٹل دیئے گئے تھے جس نے تماشائیوں کی کہانی کو سمجھنے میں مدد دی۔

سلطان راہی گلوکار بن گئے۔

لاہور (نمائندہ جنگ) اداکار سلطان راہی گلوکار بن گئے ہیں۔ گزشتہ ہفتے انہوں نے اپنا پہلا فلمی گانا رنگین فلم "ساد ھو اور شیطان" کے لئے صدا بند کروایا۔ یہ گانا شاہ نور اسٹوڈیو میں ریکارڈ ہوا۔ خواجہ پرویز کے لکھے اس گانے کے بول ہیں —

بہنا او میری پیاری بہنا
یہ ہے دعا سسرال میں جا کے سدا تم خوش رہنا

اس گانے کی دھن موسیقار کمال احمد نے موزوں کی ہے۔

Your REALTOR Your Professional Advisor on Buying or Selling.

REALTOR

REAL ESTATE

o Apartments o Mortgages o Business

ISMAIL A. PATEL

Phone 924-6590 / 929 01/4

844 Yonge St, Toronto.

VISIT US FOR

Pakistani Records

THE BEST & THE LATEST HITS

West Toronto Music Centre

781 QUEEN ST. W. Phone 362-1168

غزل

جس قدر زندگی سے بھاگوں ہوں
اُس قدر زندگی سے الجھوں ہوں

عشق ظالم جنوں کا رسیا ہے
بات کب میں خرد کی مانوں ہوں

صبح کا نور شب کی سسکی ہے
صبح میں شب کا خون دیکھوں ہوں

کون مقصود ہے زمانے میں
دربدر خاک کا ہے چھانوں ہوں؟

کوئی صورت تو آشنا نکلے
کوئی تو ہو جسے میں جانوں ہوں!

دل کی دھڑکن پہ اختیار کہاں
تجھ کو بے اختیار چاہوں ہوں

جستجو ہے مجھے ترے در کی
راستہ اپنے گھر کا پوچھوں ہوں

بام پر ہے جو ماہ وش، اُس کو
دل کی گہرائیوں میں ڈھونڈوں ہوں

شوق فرزانگی نہیں ایمن
آس دیوانگی سے رکھوں ہوں

مامون ایمن۔
نیویارک

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

ممتاز شیریں

ایک شمع روشن اور بجھی، اندھیرا اور بڑھا

تحریر: شفیق بریلوی

اردو زبان کی ممتاز ادیبہ، نقاد اور افسانہ نگار خاتون ممتاز شیریں اب اسلام آباد میں ۱۱ مارچ ۱۹۷۳ء کو انتقال کر گئیں، اور اس طرح ادبی دنیا کی ایک اور روشن شمع گل ہو گئی۔ ادبی دنیا میں ان کو شہرت کی بڑی شہرت و مقبولیت حاصل تھی۔ جنوبی ہند میں بنگلور بھی اردو زبان و ادب کا ایک مرکز تھا اور آج بھی ہے۔ یہ شہر جو میسور ریاست کا حصہ ہے سطح سمندر سے کوئی تین ہزار فٹ بلند ایک پہاڑی پر آباد ہے اور نہایت ہی سرسبز و شاداب اور حسین علاقہ ہے۔ ممتاز شیریں نے، حیدر علی اور سلطان ٹیپو کی سرزمین کے اس شہر بنگلور میں تعلیم پائی اور اسی شہر خوباں کے ایک نوجوان وکیل صمد شاہین کے ساتھ ان کی زندگی کا اپنے شریک حیات میں آئی۔ ویسے ممتاز شیریں نے ہندوپور مدراس میں ۱۲ ستمبر ۱۹۲۴ء کو اس دنیا میں سورج کی پہلی کرن دیکھی، ان محمد عبد الغفور صاحب کے گھر میں روشنی بکھرائیں اور اپنا بچپن ایک شاداب اور بھرے پرے خاندان میں گزارا۔ ابتدائی تعلیم ہندوپور کے ایک زنانہ مدرسہ میں پائی لیکن بی اے کی ڈگری جنوبی ہند کے سب سے خوبصورت شہر بنگلور کے مہارانی کالج سے حاصل کی، اور ۱۹۴۲ء میں وہیں ازدواجی زندگی کی حامل ہوئیں۔ شریک زندگی بنگلور میں وکالت کرتے تھے پھر انگریزی کے ہفت روزہ "میسورین" کے مدیر ہوئے، اور پھر ممتاز شیریں اور صمد شاہین کی ادبی ہم مذاقی نے ایک نیا رخ اختیار کیا انہوں ۱۹۴۴ء میں "نیا دور" کے نام سے اردو زبان کا ایک معیاری رسالہ وجود میں آگیا۔ یہ رسالہ بڑی آب و تاب سے نکلا اور جنوبی و شمالی ہند میں بہت مقبول ہوا۔ یوں تو ممتاز شیریں کی ... [illegible] ... لیکن ان کے علمی و ادبی جوہر اسی رسالے سے چمکے۔ پروفیسر حسن عسکری نے ان کے بارے میں بالکل سچ لکھا ہے کہ۔

"وہ اردو کے ان چند لکھنے والوں اور لکھنے والیوں میں ہیں جن کی تاریخ ہی ان کی شہرت سے شروع ہوتی ہے، انھیں مشہور ہونے کے لئے انتظار نہیں کرنا پڑا۔"

نیا دور میں پھر جب اردو افسانے کے متعلق ان کا ایک طویل مقالہ شائع ہوا تو لوگ ادب بھی چونکے، اردو ادب کی دنیا کے لئے یہ بالکل نئی بات تھی کہ ایک خاتون نہ صرف افسانے ہی اچھے لکھے بلکہ بلند تنقید بھی لکھ سکتی ہو۔ اور اس وقت ہی نہیں بلکہ آج بھی عورتوں کا تو ذکر ہی کیا، خواتین اہل قلم نے تو ابھی تک تنقید کی طرف زیادہ توجہ ہی نہ کی۔ خود مرد ادیبوں میں بھی جو لوگ تنقید لکھتے ہیں، ان میں بھی چند ہی ایسے ہوں گے جن کا معیار اور مطالعہ ممتاز شیریں کے برابر ہو۔

قیام پاکستان کے بعد ہی ممتاز شیریں اور صمد شاہین کراچی چلے آئے تھے، یہاں آکر انھوں نے نیا دور، پھر جاری کیا، مگر حالات ناسازگار تھے، یہ رسالہ زیادہ عرصہ جاری نہ رہ سکا، ایسے مشہور اور معیاری رسالے کا بند ہو جانا علم و ادب کا ایک بڑا المیہ بھی تھا، اس رسالے کی مقبولیت اور شہرت کا اندازہ اس بات سے بھی بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ کراچی کے چند ادباء اور شعراء نے ایک رسالہ نکالا تو اسی نام کو اپنایا۔

ممتاز شیریں کے افسانوں کا پہلا مجموعہ "اپنی نگریا" ۱۹۴۷ء میں لاہور سے شائع ہوا جس کو غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی کیونکہ ان کے افسانے دوسرے افسانہ نویسوں کے افسانوں سے الگ

رنگ ڈھنگ کی چیز ہوتے ہیں، ان کے یہاں آسودگی، اطمینان قلب اور روحانی فضا پائی جاتی ہے اور گھریلو پن۔ ممتاز شیریں نے جب اردو میں افسانہ نگاری شروع کی وہ ترقی پسندی کی عروج کا زمانہ تھا ایسے میں امکان اسی کا تھا کہ وہ بھی ... [illegible] ... ان کا انداز ان کے افسانوں میں نظر آتا، لیکن اس کے برعکس ممتاز شیریں نے شروع ہی سے ایک انوکھا انداز اختیار کیا انہوں نے جدید افسانہ نگاروں کی روش سے انحراف کیا، اور اپنی راہ الگ نکالی۔ وہ ابتدا ہی سے صاحب بصیرت یا دیدہ ... [illegible] ... حقیقت نگاری ... [illegible] ... ہی سبب ہے کہ ان کے بیشتر افسانے خود ان کی اپنی زندگی کا عکس ہیں جیسے "اپنی نگریا" ... [illegible] ... کے ... [illegible] ... وضاحت ہے۔"

اپنی نگریا کے بعد انہوں نے ... [illegible] ... دو طویل افسانے لکھے بہت ... [illegible] ... بلند پایہ ... [illegible] ... انگریزی کا ایک ترجمہ بھی پیش کیا جس سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ ترجمہ کرنے کے فن میں بھی کامیاب ہیں۔ ممتاز شیریں نے بہت کم لکھا مگر جو کچھ لکھا وہ ادب کا بیش بہا سرمایہ ہے۔

ممتاز شیریں اپنا بیشتر ... [illegible] ... کراچی میں ایک خوبصورت فلیٹ میں رہتی تھیں، میں بار ہا وہاں گیا ہوں تو دیکھا اس فلیٹ کے کمرے کی دیواریں الماریوں کی ... [illegible] ... کتابوں سے بھری ہوئی نظر آتیں۔ ممتاز شیریں کی زندگی کا ایک اور رخ بھی قابل ذکر ہے۔ ممتاز شیریں کو افسانوں پر تنقیدی مضامین ... [illegible] ... کعبہ" میں بھی دیکھا ہوا ہے کہ ... [illegible] ... اور کوئی شخص اچانک ان کے کمرے میں پہنچ جاتا تو ... [illegible] ... گویا کسی نئی ہی ... [illegible] ...

اکتوبر ۱۹۵۰ء میں ادیبوں کی بین الاقوامی کانفرنس PEN جب انگلینڈ میں منعقد ہوئی تو پاکستان کے ادیبوں کی نمائندگی کے لئے ممتاز شیریں کو بھیجا گیا ... [illegible] ... اور آکسفورڈ میں جدید انگریزی ادب کا کورس بھی کیا تھا اور اپنے شوہر صمد شاہین کے ساتھ ... [illegible] ... خوبصورت ... [illegible] ... قرار دیتی تھیں۔

اب عرصے سے ان پر سکوت طاری تھا، یہ سکوت اتنا بڑھا کہ گزشتہ دنوں انھوں نے آخری سانس لیے، اور اپنی ... [illegible] ... ہر چند ... [illegible] ... کے ساتھ جو خود بھی ادیب ہیں ... [illegible] ... قلم چھین لیا ہے ... [illegible] ... نے اپنا سفر نامہ بھی ... [illegible] ... ممکن ہے کہ اپنی خود نوشت بھی ... [illegible] ... تو ... [illegible] ... ان کا قلم ہرگز خاموش نہ رہا ... [illegible] ... انہوں نے ... [illegible] ... ان کی کمی ادب میں ... [illegible] ...

آپ کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ہم نے نیویارک میں پہلا پاکستانی سٹور قائم کیا۔ جو گزشتہ ایک سال سے آپ کی خدمت میں مصروف ہے، آپ ہمارے ہاں سے تمام اشیائے خوردنی، مرچ مصالحہ، پاکستانی باسمتی چاول، دالیں، احمد کا اچار، چٹنی، چاٹ ... مٹھائی، بوندی لڈو، پکوڑے اور سموسے خرید سکتے ہیں، پاکستانی فلمی اور غیر فلمی ریکارڈ، کتابیں اور رسائل جات، اسلامی کیلنڈر بھی دستیاب ہیں، امریکہ اور کینیڈا میں ہر جگہ آرڈرز بھجوائے جاتے ہیں۔ ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔ ایک کارڈ آج ہی لکھیئے اور مکمل معلومات حاصل کیجئے۔ آپ کی اپنی دکان ۔ فون
۲۱۲-۴۹۳-۸۱۰۸

Gardens of Shalimar
133-56- 41st RD.
(OPP. Flushing Library)
Flushing, N.Y. 11355 U.S.A.

وہ بستر میں ... [illegible] ... داخل ہوا۔ ثمینہ اس کی منتظر تھی۔ اس نے آگے بڑھ کر انتہائی والہانہ مسکراہٹ سے اسے خوش آمدید کہا۔ اس کے ہاتھ میں گلاب ... [illegible] ...

مسعود نے اسے لپک کر مضبوط بازوؤں میں لیا تو اسے بہت ٹھنڈک کا احساس ہوا۔

پھر اس نے کپڑے تبدیل کئے۔

ثمینہ نے ... [illegible] ... اس کے کندھوں اور گردن پر ... [illegible] ... وہ ایک ... [illegible] ...

... [illegible] ...

بقیہ۔ افسانے

مسعود کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ ... [illegible] ...

... [illegible] ...

بہنوں کی محفل

اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام

(بیگم شمس عباد الرحمن)

تاریخ عالم کے مطالعے سے یہ بات برملا کہی جا سکتی ہے کہ صنف نازک کو جتنی مذہبی، قانونی، مدنی حقوق کسی مذہب نے وہ حقوق نہیں دیئے ہیں جو اسلام نے اسے عطا کئے ہیں۔ نسائیت کے بہانے سرمایہ داری پر مبنی ایک یا آزادی نسواں کی مغربی تحریک ... [illegible] ... بڑے بڑے دانشوروں اور مصلحین اخلاق نے معاشرہ کی اصلاح کے لئے اپنے طور پر ... [illegible] ... پر دہ پوشی کی گئی ... ان کی معاشرتی آزادی یا حقوق کی قید کو ... [illegible] ... عورت کی سماجی حیثیت کو کتنی با وقار و قابل احترام بنا سکے ... [illegible] ... آسانی کے ساتھ موجودہ دور میں بھی لگایا جا سکتا ہے اگر ہم شریعت اسلام سے پوری واقفیت حاصل کریں پھر اس کا موازنہ دیگر مذاہب کی تعلیمات سے کر کے دیکھیں تو یہ حقیقت بے نقاب ہو جائے گی کہ اسلام کے سوا دنیا کے کسی مذہب نے عورتوں کو وہ حقوق و آزادی نہیں دی ہے جس کی بنا پر عورت کو معاشرتی مذہبی معاملات میں ایک آزاد با وقار رتبہ حاصل ہوا ہو۔ البتہ آزادی نسواں کو بری طرح پامال کرنے کی اجازت اسلام نے نہیں دی ہے۔

اس امر سے کون انکار کر سکتا ہے کہ عورت کی کمزور ہستی دنیا میں ہمیشہ ذلیل و خوار رکھی گئی باوجودیکہ وہ امراء و بادشاہوں کے محلوں میں شمع محفل بنی رہی ... [illegible] ... اسلام دنیا کا پہلا مذہب ہے جس نے عورت کو صحیح طور پر ... [illegible] ... باپ اور شوہر سے اسے ورثہ دلوایا۔ دینی معاملات میں عورتوں اور مردوں کو برابر کا حق عبادت عطا کیا۔ معاشرتی زندگی میں باعزت مقام دیا۔ مردوں اور عورتوں کے نیک و بد اعمال کی جزا و سزا یکساں قرار دی۔ قرآن کریم میں پردہ کے متعلق جو آیات نازل ہوئی ہیں ان سے عورتوں کی قید و بند ہرگز ثابت نہیں ہوتی بلکہ ان احکام کی غرض و غایت عورت کی عزت و احترام ہے۔ پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ ...

... [illegible] ... تو یہ تھا کہ آپ ایک بچی سے لے کر بوڑھی عورت تک کی عزت کرتے تھے۔ آپ کے گرد مردوں کا ہجوم رہتا تھا اس لئے عورتوں کو وعظ و پند سننے کا موقع کم ملتا تھا تو آپ نے ایک دن عورتوں کے لئے مخصوص کر دیا ... [illegible] ... عرب کے معاشرے کی روایات کے خلاف معلوم ہوتا تھا۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا "عورتوں کا حق خدا و رسول پر تم سے زیادہ ہے۔"

یہ امر نہایت افسوسناک ہے کہ موجودہ دور میں حقوق نسواں کا ... [illegible] ... اسلام میں ... [illegible] ... اسلامی معاشرہ کے واجبات کی سختی ... [illegible]

[illegible]

ایریس

افسانہ: —— شفق رحمانی

[illegible]

(باقی صفحہ ... پر)

نیکی پر ہونا تمام حکمتوں کا خلاصہ ہے،
[illegible]
جو شخص علمی ... [illegible]
رکھا وہ معراج انسانی کو نہیں پہنچ سکتا،
[illegible]

بنگلہ دیشی حکام پندرہ ہزار بنگالیوں کی واپسی کا انتظام نہیں کر رہے ہیں

پاکستان نے انکی روانگی کے اجازت نامے تیار کر دیئے ہیں سرکاری ترجمان

عراق سے مزید ۲۲ پاکستانیوں کو نکال دیا گیا

کرشل بنک کسانوں کو وسیع پیمانے پر قرضے دینگے

اندرا کو ہلاک کرنیکی کوشش

بندوق سے مسلح شخص گرفتار

ایم سی سی کو سیاہ دسمبر کی دھمکی

اختلافات دور نہیں ہو سکتے تو اکثریت سے دستور منظور کر لیا جائے : دولتانہ

بڑی طاقتیں پاکستان کو اپنے مفاد میں ہی دیکھتی ہیں

بنگلہ دیش تسلیم کرنے سے قبل تمام مسائل کا تصفیہ ضروری ہے : صدر بھٹو

مجیب بعد میں کوئی نیا جھگڑا نہ کھڑا کر دیں ۔ ہیکل کا انٹرویو

پاکستان کو روس اور چین کی کشمکش سے علیحدہ رکھا جائیگا

جنرل ٹکا خاں کی شاہ حسین سے ملاقات

مصر بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرے گا

افغانستان میں کمیونسٹ طلباء نے مساجد جلا دیں



زندگی بے سرو سامان ہمیں سے ہوتی
سچ ہے یاد ...
...
...

متحدہ محاذ کا مقصد صدر بھٹو اور پیپلز پارٹی کی مخالفت کے سوا کچھ نہیں

کوئی پروگرام نہ رکھنے والی مختلف نظریات کی جماعتوں کا اتحاد قائم نہیں رہیگا : مولانا کوثر نیازی

TRAVEL BOOTH

THE LATEST TRAVEL INFORMTION CENTRE

781 7685

CALL 964 3333 FOR INFORMTIONS.

Financial Management Services

1. Instalment Savings Plans — a proven way of accumulating specific sums of money over a period of years.
2. Single Payment Certificates — with guaranteed investment values.
3. A Balanced Mutual Fund — Investors Mutual of Canada Ltd., Canada's largest mutual fund. Emphasizes reasonable income, stability and capital gain potential.
4. A Mutual Fund For Growth—Investors Growth Fund of Canada Ltd., emphasizes long-term capital gain.
5. Tax-Deductible Registered Retirement Plans — fixed interest, equity and balanced plans for individuals and groups.

Find out about the many Investors Syndicate plans available to you

Contact your Investors Man

M LATEEF QWAISI

Suite 380, 10 Wynford Heights ...
Business: 449-0600, Residence: 690-1590

Investors SYNDICATE LIMITED

Or mail this coupon

NAME

ADDRESS

CITY/TOWN

جسارت پر پابندی آزادیٔ صحافت پر حملہ ہے

جماعت اسلامی، اسلامی جمعیت طلبہ اور مختلف تنظیموں کا ردِ عمل

حیدر آباد ۱۳ مارچ (نمائندہ جنگ) کراچی کے روزنامہ جسارت کی اشاعت پر حکومت کی طرف سے ۲ ماہ کی پابندی کے خلاف مختلف حلقوں کی طرف سے مذمت کا سلسلہ جاری ہے۔ امیر جماعت اسلامی حیدر آباد مولانا وصی مظہر ندوی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جسارت کا جرم صرف حق گوئی ہے اسی کی وجہ سے اشتہارات اور نیوز پرنٹ سے محرومی کی طویل سزا بھگتنے کے بعد اسکو آخر بالکل ہی میدان سے ہٹا دیا گیا ہے لیکن اسلام اور جمہوریت کے پروانوں کا جو قافلہ آگے بڑھ رہا ہے وہ ایک چراغ حقیقت کے گل ہو جانے سے یہ تاظر رک نہیں جائے

امیر جماعت اسلامی حیدر آباد نے کہا ہے کہ جسارت پر پابندی لگانے کے لئے جن الزامات کو بہانا بنایا گیا ان کو اب تک خلاف قانون قرار نہیں دیا گیا ہے اس لئے اہل وطن ان الزامات کو خود پڑھیں تاکہ ان کو معلوم ہو جائے کہ حکومت کے الزامات کتنے مضحکہ خیز ہیں۔ دریں اثنا اسلامی جمعیت طلبہ حیدر آباد کے قائم مقام ناظم عبدالمجید میمن نے ایک بیان میں روزنامہ جسارت پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے اسے آزادیٔ صحافت کا قتل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ موجودہ حکمران پارٹی کا یہ نعرہ کہ جمہوریت ہماری سیاست ہے یہ عوام کو محض دھوکہ دینے کا علاوہ اور کچھ نہیں۔ ناظم حیدر آباد نے مطالبہ کیا کہ جسارت پر پابندی فوراً ختم کی جائے اور اس کے ذمہ دار افراد کو سزا دی جائے۔ انجمن طلبہ گورنمنٹ کالج حیدر آباد کے جنرل سیکریٹری مشتاق احمد خان نائب صدر غلام ...

کے نگراں محمد شفیق نے بھی ایک مشترکہ بیان میں روزنامہ جسارت پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے اسے آزادیٔ صحافت پر خطرناک حملہ قرار دیا ہے۔ انجمن طلبہ گورنمنٹ کالج لطیف آباد کے صدر ... نائب صدر شکیل احمد خان معتمد عمومی ... خان یوسف زئی اور شریک معتمد ... احمد جیلانی نے ایک مشترکہ بیان میں روزنامہ جسارت پر پابندی کی مذمت کی ہے اور اسے آزادیٔ صحافت پر آمرانہ حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ آزادیٔ صحافت کی جنگ میں طلبہ کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بنگلہ دیش کے سوشلسٹ لیڈر میجر جلیل کو گولی مار کر شدید زخمی کر دیا گیا

مکتی باہنی کے سابق کمانڈر ہسپتال میں داخل کر دیئے گئے۔ باریسال میں دو افراد کا قتل

بھٹو کے انٹرویو سے بھارت کو تکلیف

ہم مسئلہ کشمیر کا باعزت حل چاہتے ہیں

کمیونسٹوں اور سامراجیوں نے عالم اسلام کی تباہی کا منصوبہ بنا رکھا ہے: ڈاکٹر علی طریقی

پاکستان اسی سازش کا شکار ہوا ہے۔ فلپائن میں فوج مسلمانوں کا صفایا کر رہی ہے۔ صدر قذافی کے ایلچی کی پریس کانفرنس

بھارت پاکستان کے جنگی قیدیوں کو فوراً رہا کرے

قحط کے باوجود قیدیوں کو روکے رکھنا حیرت انگیز ہے

تھائی لینڈ میں دو حریت پسند شہید کر دیئے گئے

اردن کی فوج بیت المقدس حاصل کر کے رہے گی: احمد اللوزی

جنرل شکاخات کا اعزاز میں اردنی وزیر اعظم کا عشائیہ۔ جنرل کی شاہ حسین سے ملاقات

شیخ مجیب اگرتلہ کیس سے ایک سال قبل بھارت گئے تھے

بھارتی صحافی نے تصدیق کر دی

بلیک ستمبر کی دھمکی پر لندن و نئی دہلی میں حفاظتی تدابیر

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ میاں طفیل کے ساتھ بد سلوکی کی تحقیقات کریں گے

پاکستانی ملاح اور مسافر ۱۸ مارچ کو واپس آئیں گے

اپوزیشن بلاوجہ صدر بھٹو کی مخالفت کر رہی ہے

جی ایم سید کی جانب سے صدر بھٹو کی پُرزور حمایت

خان قیوم کا غفار خان اور نیپ کو انتباہ

ہری پور ۱۳ مارچ (نمائندہ جنگ) مرکزی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بننے والی نئی حکومتوں کو زبردست انتباہ کرتے ہوئے کہا کہ نیپ اور جمعیت کے وزیروں کی طرح اگر بدعنوانی، رشوت ستانی، دھاندلی اور مستحق عوام کے حقوق پامال کئے گئے تو آپ کا حشر بھی عبرتناک ہوگا ... صحیح سیاسی ... صدر وزیر اعظم اور دیگر عوام کی نظروں میں محبوب اور قابل قدر ہو سکتے ہیں۔ خان قیوم آج یہاں ایک جلسۂ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے خان عبدالغفار خان اور نیشنل عوامی پارٹی کو خبردار کیا کہ پاکستان کے محب وطن عوام پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے درپے تخریبی عناصر کے گمراہ کن نعرے لگانے والوں کی بھرپور مخالفت کریں گے۔

پاکستان بنگالیوں کو چھوڑ دے تو جنگی قیدیوں کو رہا کیا جا سکتا ہے: اندرا گاندھی

کراچی ۱۳ مارچ (ریڈیو رپورٹ) بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ اگر پاکستانی حکومت پاکستان میں پھنسے ہوئے بنگالیوں کو چھوڑ دے تو بنگلہ دیش کی رضامندی سے پاکستان کے جنگی قیدیوں کو رہا کیا جا سکتا ہے۔ ... انہوں نے ... کہا کہ اگر وہ یہ سمجھتا ہے کہ وہ پاکستان کو طاقتور بنا سکتا ہے تو وہ غلطی پر ہے۔

بنگلہ دیش کی نئی پارلیمنٹ کا پہلا کام

لندن ۱۳ مارچ (ریڈیو رپورٹ) بی بی سی نے ڈھاکہ میں مقیم اپنے نامہ نگار کے حوالے سے بتایا ہے کہ بنگلہ دیش کی نئی پارلیمنٹ کا اجلاس ایک مہینے بعد ہوگا۔ سب سے پہلا کام ایسے اختیارات کی منظوری دینا ہوگا جن کے تحت پاکستانی جنگی مجرموں پر مقدمات چلانے کے لئے مخصوص ٹریبونل قائم کئے جا سکیں گے۔ بی بی سی کے مطابق بنگلہ دیش کی حکومت جن پاکستانی جنگی مجرموں پر مقدمہ چلانا چاہتی ہے ان کی فہرست تیار ہے۔

REAL ESTATE

Best investment you can make

S. Akram. Khan 1425 Bodmin Road, Mississauge.
Tel. 822-3960

Buy, Sell or Lease; we offer the best of service.

UNITED TRUST

S.A Khan

ہمیں معلوم ہے کہ روس سے بھارت کو کیا ہتھیار ملے کیا ہم نے اس پر روس کیخلاف شور و غوغا کیا؟

پاکستان کو امریکی اسلحہ کی ترسیل پر بھارت کا واویلا

اندرا سمجھتی ہیں کہ نئی صورتحال پیدا ہو گئی ہے تو وہ پاکستان آنے کیلئے میری دعوت قبول کر لیں — مسٹر بھٹو

ہم شملہ سمجھوتہ کی حدود کے اندر یا الگ بات چیت کیلئے تیار ہیں

پاکستان اور امریکہ معاہدہ میں منسلک ہیں امریکہ نے ذمہ داری پوری نہیں کی

غیر رکن اسمبلی وزیر ۱۴ اگست تک وزیر رہ سکیں گے

صدر نے آئین میں پانچویں ترمیم کا حکم جاری کر دیا

ہم پاکستان اور چین کے درمیان فوجی معاہدہ پر توجہ دے رہے ہیں — جگجیون رام

قومی کنونشن کا ۱۲ نکاتی منشور

۹ ماہ میں ۳۰ لاکھ افراد کو قتل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ روزانہ گیارہ ہزار افراد قتل کیے جائیں

بنگلہ دیش میں قتل عام کی مضحکہ خیز تفصیلات پر واشنگٹن پوسٹ کی نکتہ چینی



جاوید ہاشمی رہا کر دیئے گئے

ضلع بہاولنگر سے نکل جانے کا حکم

چین صدر بھٹو اور سندھ حکومت پر اعتماد ہے

نیپ اور جمعیت کا اتحاد صوبائی اسمبلیوں تک محدود ہے — ہزاروی

امریکہ پاکستان کے ساتھ تجارت کو فروغ دینے کا خواہاں ہے

عوامی لیگ نے ۲۹۱ نشستیں حاصل کر لیں

آوازۂ صداقت

ہماری ہستی ہی کیا ہے آخر
بس ایک آوازۂ صداقت
بس ایک شمع فضائے ہستی
دبا سکو تو صدا دبا دو
بجھا سکو تو دیا بجھا دو
صدا دبے گی تو حشر ہوگا
دیا بجھے گا تو صبح ہوگی

نعیم صدیقی

قرارداد پاکستان ۱۹۴۰ء

(ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی)

۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور کے وسیع میدان منٹو پارک میں ایک لاکھ انسانوں کے سامنے اور قائد اعظم کی صدارت میں آل انڈیا مسلم لیگ نے تقسیم ہند کی وہ مشہور قرارداد منظور کی تھی جس نے بعد میں قرارداد پاکستان کا نام حاصل کیا تھا۔ اسی قرارداد کی رو سے پاکستان کی مملکت کو وجود میں آئے تیئیس سال ہو چکے ہیں۔ آئیے آج ہم اس تقریب کی تیئیسویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ آؤ اس روز سعید کی یاد تازہ کریں جب اسلامیان ہند کے نمائندوں نے مجتمع ہو کر یہ عظیم الشان عزم باندھا تھا کہ [illegible] رہیں گے۔

خاکساروں سے پولیس کا تصادم

۱۹ مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور میں ایک سخت الم ناک سانحہ پیش آیا جس میں پولیس اور خاکساروں کا تصادم ہو گیا۔ اور مسلمانوں کی بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہو گئیں۔ حکومت پنجاب نے نیم فوجی جماعتوں کو خلاف آئین قرار دے کر ان پر پابندی لگا رکھی تھی کہ ان جماعتوں کے رضاکار اپنی مخصوص وردی پہن کر برسر عام قواعد نہیں کر سکتے۔ اس پابندی کی زد خاکساروں پر بھی پڑتی تھی۔ علامہ مشرقی دہلی میں تھے۔ وہاں کے اخبار "الاصلاح" میں جو لاہور سے شائع ہوتا تھا کئی روز سے سخت اشتعال انگیز مضامین چھپ رہے تھے جن میں بار بار کہا جاتا تھا کہ خاکساروں کو چاہیے کہ سر سکندر حیات خان کے گرد لاشوں کا انبار لگا دیں۔ اس قسم کی اور بھی غیر ذمہ دارانہ تحریریں شائع ہو رہی تھیں۔ ۱۹ مارچ کی صبح کو خاکساروں کے جتھے قواعد کرتے ہوئے بھاٹی دروازہ کے اندر نمودار ہوئے۔ پولیس نے روکنا چاہا لیکن خاکساروں نے اپنے مستقل شدہ بیلچوں سے پولیس کے سپاہیوں اور افسروں پر حملہ کر دیا۔ پولیس والوں کی تعداد تھوڑی تھی۔ اس لیے خاکسار دہنے بائیں مارتے ہوئے آگے نکل گئے۔ پولیس کے چند افسر بری طرح زخمی ہوئے اور ایک انگریز افسر جان سے مارا گیا۔ تھوڑی دیر میں بہت سی مسلح پولیس لاریوں پر سوار آ گئی۔ اور خاکساروں کا سخت بے دردی سے قتل عام شروع ہوا۔ شام تک شہر میں چاروں طرف غم و اندوہ کے بادل چھا گئے۔ ہندو اور سکھ خوش تھے۔ لیکن مسلمان گھرانوں میں اس واقعہ سے سخت حزن و ملال طاری ہو گیا تھا۔ پنجاب کی حکومت کا خاکساروں کے خون سے ہولی کھیلنا بڑا افسوسناک واقعہ تھا۔ سر سکندر حیات خاں کچھ پہلے ہی سے لاہور کے مسلمانوں میں چنداں مقبول نہیں تھے مگر اس حادثہ خونیں کے بعد تو چاروں طرف سے مذمت شروع ہو گئی تھی اور عام مسلمانوں میں غم و غصہ کی لہر پھیل گئی تھی۔

التوائے اجلاس کی کوشش

۲۲ مارچ کو آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس شروع ہونے والا تھا۔ اس پر ہر شخص کی زبان پر یہ بات تھی کہ ایسی رنج و اندوہ اور اشتعال انگیز فضا میں اجلاس ہو بھی سکے گا یا نہیں۔ سر سکندر نے بہت کوشش کی کہ اجلاس ملتوی ہو جائے۔ انھوں نے ٹیلی فون پر قائد اعظم کو بھی یہی مشورہ دیا۔ لیکن قائد اعظم نے یہ رائے ماننے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا کہ اجلاس ضرور ہوگا۔ اور عین مقررہ تاریخ اور مقررہ مقام پر ہوگا۔ انھیں اپنی ذات پر تو اعتماد تھا ہی، لیکن وہ عوام کے خلوص و صداقت پر بھی یقین رکھتے تھے۔ اور اس حقیقت سے بھی واقف تھے کہ پنجاب کے وزیر اعظم کے خلاف مسلمانوں کی ناراضی لیگ کی کامیابی پر اثر انداز نہیں ہو سکے گی۔

جلوس سے انکار

۲۱ مارچ کی صبح کو قائد اعظم لاہور تشریف لائے تو ان کے اعزاز میں ایک بے مثال اور عدیم النظیر جلوس نکالنے کا تمام سامان مکمل ہو چکا تھا۔ لیکن خاکساروں کے حادثہ خونیں کی وجہ سے چونکہ فضا سوگوار ہو رہی تھی اس لیے انھوں نے جلوس سے انکار فرما دیا۔ ریلوے سٹیشن سے باہر [illegible] کا ہجوم تھا۔ اور بہت سے نوجوان اصرار کر رہے تھے کہ قائد اعظم موٹر میں سوار نہ ہوں بلکہ بگھی میں بیٹھیں تاکہ وہ خود ان کی گاڑی کھینچ کر ڈیرے تک لے جائیں۔ قائد اعظم نے شکریہ کے ساتھ اس پیشکش کو بھی رد کر دیا۔

کونسل کا اجلاس

۲۱ کی شام کو غروب آفتاب کے بعد لیگ کونسل کا اجلاس ہوا جس میں جنرل سیکرٹری کی رپورٹ کے بعد ضابطے کے مطابق مجلس انتخاب مضامین (سبجیکٹ کمیٹی) کے چند ارکان نامزد کیے گئے ان میں پنجاب سے ملک برکت علی، ملک محمد عالم اور میاں فیروز الدین احمد کے علاوہ سر سکندر مرحوم بھی [illegible] بیٹھے تھے ان کی وجہ سے یونینسٹ پارٹی کے تمام ارکان بھی ان کے ساتھ پچھلی کرسیوں پر تشریف فرما تھے۔ قائد اعظم نے لاہور پہنچتے ہی اخباری نمائندوں کو جو بیان دیا تھا اس میں فرمایا تھا کہ لیگ اس اجلاس میں ایک انقلاب آفریں اقدام کرے گی۔ ان کے اس ارشاد پر طرح طرح کی چہ میگوئیاں اور قیاس آرائیاں ہونے لگیں،

[illegible] پہنچے گا۔

لیگ کا کھلا اجلاس

۲۲ مارچ کی سہ پہر کو لیگ کا کھلا اجلاس ہوا۔ نواب شاہنواز ممدوٹ [illegible] خطبہ استقبالیہ پڑھا۔ لوگ بڑے اطمینان اور سکون سے سنتے رہے۔ [illegible] ہماری [illegible] قائد اعظم کی [illegible] تاریخی [illegible] پھر انھوں نے سر سکندر کا ذکر کیا [illegible] سر سکندر کا نام [illegible] سر سکندر حیات خاں بھی [illegible] اپنی آنکھوں سے [illegible] سے باہر چلے گئے اور پھر دوبارہ لیگ کے کھلے اجلاس میں تشریف نہیں لائے۔

قائد اعظم صدارتی تقریر کے لیے کھڑے ہوئے تو ہر طرف سناٹا چھا گیا۔ انھوں نے کچھ دیر اردو میں خطابت کا اظہار فرمایا پھر انگریزی میں بولنے لگے۔ گزشتہ دو سال کے واقعات کا خلاصہ بیان کیا، برطانوی حکومت، کانگرس اور دیگر مختلف عناصر میں سے ایک ایک کا تجزیہ کیا۔ پھر جنگ یورپ کے متعلق لیگ کی پالیسی کی وضاحت کی، اور آخر میں دو قوموں کا نظریہ پیش کرتے ہوئے انھوں نے لالہ لاجپت رائے کا ایک خط پڑھ کر سنایا جو موصوف نے ۱۹۲۴ء میں بنگال کے مشہور لیڈر سی۔ آر۔ داس کو لکھا تھا کہ مسلمان اور ہندو دو الگ الگ قومیں ہیں، ان دونوں کو ایک دوسرے میں مدغم کر کے ایک قوم بنانا قطعاً ناممکن ہے۔ لالہ لاجپت رائے چونکہ ہندو قوم کی ذہنیت کے صحیح علمبردار سمجھے جاتے تھے اس لیے ان کے اس خط نے لوگوں کو ششدر کر دیا۔ ملک برکت علی مرحوم سٹیج پر بیٹھے تھے۔ ان کے منہ سے نکل گیا "لاجپت رائے نیشنلسٹ ہندو تھے۔" قائد اعظم نے زور سے کہا کہ کوئی ہندو نیشنلسٹ نہیں ہو سکتا۔ ہر ہندو اول و آخر ہندو ہے۔ اس پر پنڈال میں خوب تالیاں بجیں۔

قرارداد پاکستان

اسی شام ۹ بجے کے قریب مجلس انتخاب مضامین (سبجیکٹس کمیٹی) کا جلسہ ہوا۔ خاکساروں کے حادثے کے متعلق غم و غصہ کا اظہار کرنے کے لیے اکثر ارکان نے مختلف قراردادیں پیش کرنے کا نوٹس دے رکھا تھا۔ خیال تھا کہ اس نشست میں ان قراردادوں پر بحث ہوگی لیکن قائد اعظم نے شروع ہی میں کہہ دیا کہ خاکساروں کے مسئلہ کو سر دست ملتوی کیا جاتا ہے۔ پھر نوابزادہ لیاقت علی خاں نے قرارداد پاکستان پیش کی جس کا اہم جزو یہ تھا کہ ہندوستان کے شمال مغربی اور شمال مشرقی حصے میں ان خطوں کو جو جغرافیائی طور پر ایک دوسرے سے متصل و ملحق ہیں اور جن میں مسلمانوں کی اکثریت ہے علاقائی رد و بدل کے ساتھ باقی ہندوستان سے الگ کر کے مقتدر و خود مختار مملکت میں تبدیل کر دیا جائے۔ قائد اعظم چاہتے تھے کہ کسی وقت مناسب بحث کے بعد یہ مسودہ منظور کر لیا جائے۔ لیکن حاضرین کی رائے تھی کہ قرارداد چونکہ بے حد اہم ہے۔ اس لیے انھیں اس کے مختلف پہلوؤں پر سوچنے کا موقع دیا جائے۔ اس کے علاوہ قرارداد کا متن انگریزی میں تھا۔ اور بعض لوگ انگریزی نہیں جانتے تھے۔ چنانچہ مولانا ظفر علی خاں نے وہیں قرارداد کا اردو میں ترجمہ کیا اور مفصل بحث دوسرے دن پر ملتوی کر دی گئی۔

اس واقعہ کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ جب مولانا ظفر علی خاں قرارداد کا ترجمہ کرنے لگے تو سر سکندر حیات خاں جو بہت پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔ اپنی جگہ سے اٹھ کر مولانا کے پاس آ کر بیٹھ گئے۔ اور جب تک مولانا ترجمے میں مصروف رہے سر سکندر برابر قرارداد کے انگریزی متن اور اردو ترجمہ کے ایک ایک لفظ پر غور فرماتے رہے۔ مجھے ندامت سے اس بات کا اعتراف ہے کہ سر سکندر حیات خاں کی زندگی میں ان کے ساتھ میرے تعلقات کچھ ایسے اچھے نہیں تھے [illegible] قرارداد کی ترتیب و تدوین میں ان کا کتنا حصہ تھا [illegible] لفظ کا تجزیہ کر دیتا۔ یہ صحیح ہے کہ سر سکندر مرحوم لفظ پاکستان سے [illegible] گھبراتے تھے۔ اور اس کی بجائے قرارداد [illegible] لفظ استعمال کرتے تھے [illegible] اس رات ان کا [illegible] مولانا ظفر علی خاں کے پاس آ کر بیٹھ جانا اور ترجمہ کے ایک ایک لفظ پر کڑی نگاہ رکھنا کہ آیا اردو الفاظ انگریزی متن کا صحیح مفہوم ادا کرتے ہیں یا نہیں۔ اس بات کا بین ثبوت تھا کہ [illegible] قرارداد کی ترتیب و تدوین میں یقیناً بڑا دخل تھا۔

[illegible]

ترمیم کی ضرورت

[illegible]

آخر [illegible] پوچھا۔ کیا نقص ہے؟

[illegible]

[illegible] ہماری اکثریت [illegible] پنجاب کی یونینسٹ پارٹی کے ارکان میں سے [illegible] قرارداد کی حمایت میں بہت [illegible] تقریر کی تھی [illegible] ان کا نقطۂ نگاہ بالکل مختلف تھا۔

خاکساروں کے مسئلہ پر بحث

اسی رات پھر مجلس انتخاب مضامین کا اجلاس ہوا۔ اب خاکساروں کے حادثے پر قراردادیں پیش ہونے لگیں۔ قائد اعظم نے فرمایا کہ سب سے پہلے سر سکندر کا بیان سن لینا چاہیے۔ سر سکندر مرحوم طبعاً شریف اور بامروت آدمی تھے لیکن اس رات انھوں نے اپنی صفائی میں ایک عجیب و غریب کہانی وضع کی۔ کہنے لگے کہ لاہور کے خاکساروں کی جماعت کا ارادہ نہیں تھا کہ خلاف قانون مظاہرہ کیا جائے اور نہ وہ پولیس ہی سے لڑنا چاہتے تھے انھیں کو اس ہنگامے پر آمادہ کرنے اور قتل و غارت کی تلقین کرنے والے میرے بعض سیاسی مخالفین ہیں۔ جن میں سے چند آدمی اس وقت یہاں بھی موجود ہیں۔"

ان الفاظ نے مجمع میں آگ لگا دی اور چاروں طرف سے آوازیں آنے لگیں کہ ان کے نام بتائیے۔ سر سکندر نے نام تو کسی کا نہ لیا صرف اتنا کہا کہ ان لوگوں میں دو تو پنجاب اسمبلی کے رکن ہیں اور دو اور ہیں جو اسمبلی کے ممبر نہیں مگر اس اجلاس میں موجود ہیں۔ [illegible] ان میں سے ایک صاحب علامہ مشرقی سے ملنے دہلی گئے اور واپس آ کر جھوٹ موٹ خاکساروں سے کہہ دیا کہ علامہ کا حکم ہے کہ قانون شکنی کی جائے۔

یہ سن کر ملک برکت علی فوراً اٹھے۔ اور انھوں نے انگریزی میں ایک پر جوش دھواں دھار تقریر کی۔ ملک صاحب کی انگریزی میں فصیح البیانی [illegible] اور دیکھنے کی چیز ہوتی تھی انھوں نے سر سکندر کے دہنے بائیں اور آگے پیچھے وہ بھرپور وار کیے کہ انھیں دوبارہ لب کشائی کی ہمت نہ ہوئی۔ آخر قائد اعظم نے انھیں بمشکل ٹھنڈا کیا۔ بہت رد و کد کے بعد یہ تجویز منظور ہوئی کہ اس حادثے کی تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائے جس میں دو ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج ہوں۔ ایک تو لکھنؤ کے جسٹس نعمت اللہ کا نام منظور ہوا۔ دوسرا نام مجھے اس وقت یاد نہیں۔

کھلے اجلاس میں قرارداد

جب یہ ہنگامہ ختم ہو گیا۔ تو قائد اعظم نے پوچھا کہ کل کھلے اجلاس میں قرارداد پاکستان کون پیش کرے گا۔ متعدد نام سامنے آتے رہے۔ آخر قائد اعظم نے چودھری خلیق الزماں سے فرمایا کہ یہ فرض ادا کریں۔ لیکن دوسرے روز جب اجلاس عام میں قرارداد پیش کرنے کا وقت آیا تو چودھری صاحب کی بجائے مولوی فضل الحق تشریف لائے۔ معلوم ہوا کہ صبح فیصلے میں یہ تبدیلی کی گئی ہے کہ قرارداد مولوی فضل الحق پیش کریں گے۔ مولوی صاحب نے قرارداد پر اردو میں تقریر کرتے ہوئے جب مسلمانوں کی تکلیفیں بیان کیں تو قاآنی کے یہ دو شعر بھی پڑھے ؎

ہر بلائے کز آسمان آید — گرچہ بر دیگرے قضا باشد
بزمین نارسیدہ می گوید — خانۂ انوری کجا باشد

مولوی فضل الحق کی تائید میں [illegible] چودھری خلیق الزماں [illegible] قائد اعظم کا قاعدہ تھا [illegible] مولانا ظفر علی خاں شامل تھے۔

قرارداد [illegible]

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان ٹورانٹو کینیڈا

۲۳ مارچ [illegible]

یاد کرو میری وہ نعمت جس سے میں نے تمہیں
نوازا تھا اور یہ کہ میں نے تمہیں دنیا کی تمام قوموں
پر فضیلت [illegible]

کوئی کسی کے ذرا کام نہ آئے گا، نہ کسی سے فدیہ
قبول کیا جائے گا، نہ کوئی سفارش ہی آدمی کو فائدہ دے گی
اور نہ مجرموں کو کہیں سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔ (البقرہ: ۱۲۳)

تجدید عہد

آج صدائے پاکستان کی پہلی سالگرہ ہے۔ ہم خداوند کریم کے حضور عجز و بندگی کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ یہ اس کی عنایت اور قارئین کے تعاون کا ثمر ہے کہ یہ نازک پودا اب ایک تناور درخت بن چکا ہے۔ ایک خاص جذبہ ایک تحریک بن گیا۔ اس برصغیر میں اردو صحافت کا یہ نقیب اس وقت منظر عام پر آیا جب سقوط مشرقی پاکستان کے زخم ابھی تازہ تھے۔ اپنوں کی نوازشوں، حکمران ٹولے کی بداعمالیوں اور عیار دشمن کی چالوں نے پاکستان کا بازو کاٹ کے رکھ دیا۔ پوری قوم اس صدمے سے نڈھال تھی۔ ہر طرف مایوسیاں تھیں۔ امید کی کرن تک بھی دور دور تک نظر نہ آتی تھی۔ بیگانے تو کیا اپنے بھی وطن پاک کی زندگی کے دن گننے میں مصروف تھے۔

فرزانے تو بجز فکر میں غلطاں ابھی تحقیق کا شوق پورا کر رہے تھے۔ مگر دیوانوں میں اب تاب انتظار کہاں تھی۔ "شکست قبول کرنا موت" لیکن ناکامی کے باوجود ہمت بلند رکھنا اور جہد مسلسل میں مصروف رہنا زندگی ہے" دیوانہ ایک نعرہ مستانہ دے گیا۔ یہی صدائے پاکستان کا نقطہ آغاز تھا۔ ایک شمع روشن کر دی گئی تھی۔ تاکہ ماحول کو عزم و استقلال کی روشنی بخش سکے۔

۲۳ مارچ [illegible] کی پربہار شام یوم پاکستان کی تقریب میں جمع اہلیان ٹورانٹو نے چار صفحات کا پہلا شمارہ دیکھا اور سوچا کہ وقتی جذبہ کتنا پر اثر ہے۔ دن، ہفتے اور مہینے گزرتے گئے مگر یہ جذبہ پروان چڑھتا رہا۔ پہلا سال پاکستان کی زندگی کا بڑا ہنگامہ خیز سال تھا۔ ہم نے پوری کوشش کی کہ یہاں مقیم اہل وطن کو اس سے باخبر رکھا جائے۔ اس میں ہمیں کہاں تک کامیاب رہے، اس کا فیصلہ کرنا تو قارئین کے ذمہ ہے۔ ہم اپنی کوشش اور سعی میں کوئی کمی نہیں آنے دیں گے، انشاء اللہ۔

اس مبارک موقعہ پر ہم اس عہد کی تجدید کرتے ہیں جو ہم نے اس سفر کے آغاز میں کیا تھا۔ "صدائے پاکستان" صرف حق اور نظریہ پاکستان کی بقا اور حفاظت کے لیے کام کرے گا" مملکت پاک کی مضبوطی اور خوشحالی ہمارا مطمع نظر ہے۔ کوئی باطل نظریہ فکر ہمارے پائے استقامت میں لغزش پیدا نہیں کر سکے گا۔ ہم ہر باطل تحریک کا مقابلہ کریں گے چاہے وہ اس برصغیر میں کام کر رہی یا اس برصغیر میں۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی

مارچ کا مہینہ

[illegible]

یہ ۱۹۴۰ء ہے۔ مارچ کی ۲۳ تاریخ، موسم بہار شروع ہو چکا ہے۔ زندگی حسن مجسم بنی ہوئی ہے۔ درختوں پر نئی کونپلیں پھوٹ رہی ہیں اور کلیاں پھول بن کر مسکرا رہی ہیں۔ اس بہار میں خون شہیداں کی سرخی نے مزید رنگ بھر دیا ہے۔ [illegible] خاکساروں کو نہایت بے دردانہ انداز میں خاک و خون میں نہلایا جا چکا ہے۔ لاہور کی گلیاں خون آلود ہیں اور فضا غم ناک۔ ایسے عالم میں برصغیر کے مسلمان اپنی تاریخ کا ایک اہم فیصلہ کرنے چلے ہیں۔ ایسا اہم فیصلہ جو ان کے حال اور مستقبل پر دور رس اثر ڈالے گا، جس کے نتیجے میں ان کی ملی زندگی کا ایک نیا باب لکھا جائے گا اور جو پورے برصغیر کی تاریخ کا دھارا بدل دے گا۔ لاہور کی شاہی مسجد کے سائے میں منٹو پارک کے وسیع میدان میں مسلم لیگ کے زیر اہتمام جلسہ عام ہو رہا ہے جس میں شیر بنگال [illegible] ملت اسلامیہ کے رہنما قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں جمع ہیں۔ شیر بنگال فضل الحق اسٹیج پر آتے ہیں اور وہ مشہور قرارداد پیش کرتے ہیں جو تاریخ میں قرارداد پاکستان کے نام سے مشہور ہے۔ مسلمانان لاہور کے دل حالیہ حادثے سے مجروح و غم زدہ ہیں لیکن جب فضل الحق قرارداد پڑھتے ہوئے پاکستان بنانے کے مطالبے پر آتے ہیں تو انہیں یوں محسوس ہوتا ہے کہ جس منزل کی انہیں تلاش تھی وہ سامنے کھڑی انہیں دعوت دے رہی ہے کہ یقین محکم اور عمل پیہم سے کام لو۔ [illegible] قرارداد کی تائید میں یو پی سے چوہدری خلیق الزماں اور [illegible] پنجاب سے مولانا ظفر علی خاں، سندھ سے سر عبداللہ ہارون، بہار سے نواب اسماعیل خاں، بلوچستان سے قاضی محمد عیسیٰ، مدراس سے عبدالحمید خان، بمبئی سے مسٹر چندریگر، سی پی سے سید عبدالرؤف شاہ اور سرحد سے سردار اورنگ زیب خاں تقریریں کرتے ہیں۔ یہ تقریریں جوش و جذبے سے لبریز ہیں اور مسلمانان ہند کے دل کی دھڑکنوں کی ترجمان۔ ان کی بولیاں مختلف ہیں لیکن وہ ایک ہی زبان اردو میں تقریر کر رہے ہیں۔ ان کے طرز معاشرت و تمدن میں بھی اختلاف ہے لیکن ان سب تمام [illegible] ایک ہیں اور اسی وحدت فکر و نظر نے انہیں ایک پلیٹ فارم پر لا کھڑا کیا ہے۔ ان میں سے بہت سے ایسے ہیں جنہیں پاکستان کے قیام سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ وہ ہندو اکثریت کے علاقوں میں ہی رہیں گے لیکن اس کے باوجود ایک ہی مطالبہ ان کی زبان پر ہے اور وہ ہے ایک ایسی ریاست کا قیام جس میں مسلمان اپنی دینی اور ملی امنگوں کے مطابق آزاد زندگی بسر کر سکیں۔ ایک لاکھ کا عظیم الشان مجمع انتہائی جوش و خروش کے ساتھ قرارداد منظور کرتا ہے۔ اس طرح ملت اسلامیہ ہند کا قافلہ ایک متعین منزل کی جانب چل پڑتا ہے۔ مسلم لیگ کے اس اجلاس میں قائد اعظم نے جو تقریر کی اس میں انہوں نے بڑی تفصیل کے ساتھ بتایا کہ مسلم لیگ نے برصغیر کی تقسیم اور قیام پاکستان کا مطالبہ کن اسباب کی بنا پر کیا ہے۔ اس تقریر میں انہوں نے فرمایا:

"ہندوستان کا مسئلہ صرف دو داخلی فرقوں کا نہیں بلکہ بین الاقوامی نوعیت کا ہے اور اسے بین الاقوامی تسلیم کر کے ہی حل کیا جا سکتا ہے۔ جب تک یہ بنیادی حقیقت پیش نظر نہیں رکھی جائے گی جو دستور بھی بنایا جائے گا اس کا نتیجہ تباہی اور بربادی ہوگا۔ یہ صورت حال صرف مسلمانوں ہی کے لیے نقصان دہ نہ ہوگی بلکہ ہندوؤں اور اہل [illegible] کے لیے بھی خطرناک اور تباہ کن ثابت ہوگی۔ اگر برطانوی حکومت [illegible] باشندوں کو فی الواقع امن اور خوشی دینا چاہتی ہے تو اس کا صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ کہ ہندوستان کی دونوں بڑی قوموں کے لیے الگ الگ وطن بنا دیا جائے۔

اسلام اور ہندو مذہب درحقیقت دو مختلف اور جداگانہ تمدن ہیں اور یہ محض ایک خواب ہے کہ ہندو اور مسلمان ایک متحدہ قوم بن جائیں گے۔ یہ غلط تصور ہماری بہت سی مشکلات کا سرچشمہ ہے اور اگر بروقت اس کی تصحیح نہ کی گئی تو یہ ہندوستان کو تباہی کے گڑھے میں دھکیل دے گا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا فلسفہ حیات اور نظام معاشرت ایک دوسرے سے بالکل الگ ہے۔ وہ آپس میں شادیاں کرتے ہیں نہ مل کر کھاتے ہیں۔ درحقیقت ان کا تمدن ایک دوسرے سے متصادم ہے۔ ان کا تصور زندگی جدا ہے۔ ہندو اور مسلمان جس تاریخ سے جذبہ اور زندگی حاصل کرتے ہیں وہ بھی ایک نہیں۔ ان کی رزمیہ نظمیں، ان کے ہیرو اور ان کی تابناک تاریخ یکسر ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ جو افراد مسلمانوں کے لیے سرمایۂ افتخار ہیں وہی ہندوؤں کے بدترین دشمن ہیں۔ ان کی فتح و شکست کی تاریخ بھی کہیں ایک دوسرے سے نہیں ملتی۔ اس طرح کی دو قوموں کو ایک ریاست کے جوئے میں اقلیت اور اکثریت کی شکل میں جکڑنے سے شدید بے اطمینانی پھیلے گی جو بالآخر اس حکومت کے لیے انتہائی مہلک ثابت ہوگی۔

مسلم انڈیا کسی ایسے دستور کو قبول نہیں کر سکتا جس کا لازمی نتیجہ یہ نکلے کہ ہندو اکثریت کی حکومت قائم ہو جائے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کو اس طرح کے جمہوری نظام حکومت میں اکٹھا کرنے کا مطلب ہندوؤں کی مکمل بالادستی اور ہندو راج ہے۔ قومیت کی ہر تعریف کی رو سے مسلمان ایک قوم ہیں۔ ان کے لیے ایک وطن اور ایک ریاست کی ضرورت ہے۔ ہم [illegible] اور خود مختار قوم کی حیثیت سے اپنے ہمسایوں کے ساتھ امن و امان سے رہنا چاہتے ہیں۔ اپنے نصب العین کے حصول کی خاطر ہم دھمکیوں اور دباؤ سے متاثر نہیں ہوں گے۔ ہمیں ہر قسم کی تکالیف اور مصائب برداشت کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔"

◻◻◻

بشکریہ: لیل و نہار

زیر بصیرت

آزادی رائے

———— میاں عبدالرشید

حضرت فاروق اعظمؓ کے کارنامے پڑھ کر آج بھی دل پر ہیبت طاری ہو جاتی ہے۔ ان کی زندگی میں قیصر و کسریٰ بھی ان کی سطوت سے کانپتے تھے لیکن اس کے باوجود آپ عوام کی صاف گوئی کو نہ صرف پسند فرماتے تھے بلکہ انہیں اپنی بات آزادی سے کہنے پر جرأت دلاتے رہتے تھے۔ ایک موقع پر کسی شخص نے آپ سے بار بار کہا "عمرؓ اللہ سے ڈر"۔ کسی دوسرے شخص نے اسے بار بار ایسا کہنے سے روکا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا "کہنے دو۔ اگر یہ لوگ ایسی بات نہ کہیں تو یہ بے مصرف ہیں اور اگر ہم نہ مانیں تو ہم بے مصرف ہیں۔"

فتح عراق کے بعد اکثر مسلمانوں نے عیسائی عورتوں سے شادیاں کر لیں۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے حذیفہ بن الیمان کو لکھا مجھے یہ امر ناپسند ہے۔ انہوں نے پوچھا "کیا یہ حکم شرعی ہے یا آپ کا ذاتی حکم ہے؟" آپ نے لکھا "میری ذاتی رائے ہے۔" حذیفہ نے جواب دیا "آپ کی ذاتی رائے کی پابندی ہم لوگوں پر ضروری نہیں۔"

ایک موقع پر آپ نے برسر منبر کہا "اگر میں دنیا کی طرف جھک جاؤں تو تم کیا کرو گے؟" عوام میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور نیام سے تلوار کھینچ کر بولا "تمہارا سر اڑا دیں گے۔" حضرت عمرؓ نے ذرا ڈانٹ کر کہا "کچھ خبر ہے کس کی شان میں یہ بات کہہ رہے ہو؟" اس نے کہا "ہاں ہاں خوب جانتا ہوں تمہاری شان میں کہہ رہا ہوں" حضرت فاروق اعظمؓ نے اس پر اللہ کا شکر ادا کیا کہ مسلمانوں میں ایسے لوگ موجود ہیں جو مجھے سیدھا کر دیں گے، اگر میں ٹیڑھی راہ پر چلوں۔

ایک موقع پر تقریر کے دوران کہا "لوگو! سنو... ابھی "سنو اور مانو" کے الفاظ نہیں کہنے پائے تھے کہ حاضرین میں سے ایک شخص نے اٹھ کر کہا "ہم نہیں سنیں گے نہ مانیں گے" آپ نے سبب پوچھا تو اس نے کہا۔ مال غنیمت میں جو چادریں آئی تھیں وہ سب کو ایک ایک کے حساب سے تقسیم ہوئی تھیں۔ آپ کے بدن پر جو لباس ہے وہ انہی چادروں سے بنا ہوا معلوم ہوتا ہے مگر ایک چادر سے نہیں بن سکتا تھا کیونکہ آپ کا قد لمبا ہے۔ ظاہر ہے کہ آپ نے اپنے حصہ سے زیادہ لے لیا ہوگا، جبھی یہ لباس بنا سکا۔ آپ نے ایسا کیوں کیا ہے؟

آپ نے اپنے فرزند عبداللہ بن عمرؓ کی طرف اشارہ کیا کہ تم اس کا جواب دو۔ انہوں نے اٹھ کر کہا "میں نے اپنے حصہ کی چادر بھی ابا جان کو دے دی تھی۔"



تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے
جہاں ہے تیرے لیے تو نہیں جہاں کے لیے
نشانِ راہ دکھاتے تھے جو ستاروں کو
ترس گئے ہیں کسی مردِ راہ داں کے لیے
نگہ بلند، سخن دل نواز، جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لیے
مرے گلو میں ہے اک نغمہ جبرئیل آشوب
سنبھال کر جسے رکھا ہے لامکاں کے لیے
(ارمغان حجاز)

فرمودات اقبال رحمۃ اللہ علیہ

اس زیاں خانے میں تیرا امتحاں ہے زندگی

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

تو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ
جاوداں پیہم دواں ہر دم جواں ہے زندگی

اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے
سر آدم ہے ضمیر کن فکاں ہے زندگی

زندگانی کی حقیقت کوہکن کے دل سے پوچھ
جوئے شیر و تیشہ و سنگ گراں ہے زندگی

قلزم ہستی سے تو ابھرا ہے مانند حباب
اس زیاں خانے میں تیرا امتحاں ہے زندگی

محمد نیاز

اک مسلسل تیرگی لیتی نہیں جانے کا نام
روشنی ہی روشنی تھا میرے کاشانے کا نام
اول اول شعلۂ جانسوز و جان بے قرار
آخر آخر شمع گریاں اور پروانے کا نام
ہاں حقیقت کو حقیقت کا لقب دیتا ہوں میں
ہاں مری محفل میں افسانہ ہے افسانے کا نام
آج کل پھرتے ہیں دامن پھاڑ کر اہل خرد
ان دنوں عالم ہے دنیا میں دیوانے کا نام
[illegible] جس عالم میں پہنچائے مجھے
یاد ہے ساقی کا چہرہ اور پیمانے کا نام
ہم کلیموں کی نظر میں وادی ایمن کا نور
ہم نہیں لیتے حقیقت سے [illegible] کا نام

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو
کینیڈا

پاکستان نمبر

۲۳ مارچ ۱۹۷۳ء

Reg. No. 236860 CP